## سوال

(365)احرام باندھنے والی عورت کے سر سے بال ٹوٹ کر گر جائے تو اس کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

احرام باندھنے والی وہ عورت کیا کرے جس کے سر سے بال ٹوٹ کر گر جائے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

محرم، خواہ مرد ہو یا عورت، جب اس کے سر سے وضو میں مسح کے دوران یا غسل کے دوران کچھ بال ٹوٹ کر گر جائیں تو اس کو کوئی نقصان ن ہیں ہے، اور اسی طرح اگر مرد کی داڑھی یا مونچھوں کے بال یا اس کے ناخن کا کوئی حصہ ٹوٹ کر گر جائے تو اس کو یہ چیز نقصان نہیں دے گی جب تک اس نے عمداً ایسا نہ کیا ہو کیونکہ منع یہ ہے کہ وہ عمداً احرام کی حالت میں اپنے بال یا ناخن نہ کاٹے اور اسی طرح عورت بھی ان چیزوں کو عمداًنہ کاٹے۔ رہی ان چیزوں میں سے وہ چیز جو بغیر ارادے کے از خود گر جائے تو یہ مردہ بال ہوتے ہیں جو حرکت ملنے سے گر جاتے ہیں، ان کا گرنا محرم کے لیے نقصان دہ نہیں ہے۔ (ابن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

## صفحہ نمبر 317

## محدث فتویٰ